# 47:سورۃ محمدؐ

*Flow Chart*      *Macro Structure*

| | | |
|---|---|---|
| مدنیّہ | آیات: 38 | پیراگراف:6 |




## زمانۂ نزول اور پس منظر:

سورۃ محمد کا دوسرا نام سورۃ القتال بھی ہے۔ سورۃ محمد غالبا شعبان یا رمضان 2ھ میں جنگ بدر سے پہلے نازل ہوئی۔ سورۃ محمد میں انفاق اور جہاد کی اپیل ہے۔ ہجرت مدینہ کے بعد، مدینہ منورہ میں ایک اسلامی حکومت کی بنیاد رکھ دی گئی، لیکن منافقین، قریش مکہ اور دیگر طاغوتی قوتیں اس کو کھوکھلا کرنے کی کوششوں میں لگی رہیں۔ مشرکین اور مومنین کے درمیان پہلا معرکہ بدر کے میدان میں ہوا، جب 313 مسلمان مجاہدین نے 1000 سے زیادہ کی فوج کو شکست دی۔

جنگ بدر سے پہلے اس (سورۃ محمد) کے نزول کی حکمت یہ تھی کہ مسلمانوں میں جہاد اور انفاق کا جذبہ ابھارا جائے۔ مسلمانوں پر جنگ کا جواز اور اس کی حقانیت (Legitimacy of war) ثابت کی جائے، تاکہ وہ پورے انشراح صدر کے ساتھ مال اور جان کے ساتھ لڑ سکیں، جنگ کے مقاصد واضح کیے جائیں اور اُن منافقین کو تنبیہ کی جائے، جو بلند و بانگ دعوے کیا کرتے تھے، لیکن جہاد کی پکار پر ٹھنڈے پڑ گئے۔